تعارف و تبصرہ

رئیس التحریر

شمائل ترمذی مع اردو ترجمہ و شرح

جناب رسالت مآب ﷺ کے شمائل و خصائل پر امام محمد بن عیسیٰ بن ترمذی رحمہ اللہ تعالیٰ کی تصنیف "شمائل ترمذی" علمی حلقوں میں معروف ہے اور مدارس دینیہ کے نصاب میں شامل ہے۔ حضرت مولانا صوفی عبد الحمید سواتی مدظلہ نے اس کا اردو میں ترجمہ اور تشریح کی ہے اور اس کے ساتھ امام ترمذیؒ کا تعارف، علوم حدیث کے حوالہ سے مفید معلومات اور دیگر ضروری امور بھی شامل کر دیے ہیں۔ زیر نظر مجموعہ اس شرح کا دوسرا حصہ ہے جو سات سو سے زائد پر مشتمل ہے اور اسے عمدہ کتابت و طباعت اور مضبوط و مزین جلد کے ساتھ مکتبہ دروس القرآن فاروق گنج گوجرانوالہ نے شائع کیا ہے۔ اس جلد کی قیمت ایک سو ساٹھ روپے ہے۔

خدا کا آخری پیغام

قرآن کریم کی آیات مقدسہ کو انگلش میں مضامین کے حوالہ سے جناب ایم این رضوی نے مرتب کیا ہے اور اس مجموعہ کو بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد کے اسلامک ریسرچ انسٹی ٹیوٹ پریس (پوسٹ بکس ۱۰۳۵) نے شائع کیا ہے۔ یہ انگلش زبان میں قرآنی مضامین کو پیش کرنے کی اچھی کوشش ہے مگر آیات قرآنی کا صرف ترجمہ پیش کیا گیا ہے اور آیات کا متن ساتھ شامل نہیں ہے جو ہمارے خیال میں محل نظر ہے کیونکہ فقہائے کرام نے متن کے بغیر قرآن کریم کے صرف ترجے کو کسی بھی زبان میں شائع کرنے سے منع کیا ہے اور اس کی حکمت یہ بیان کی ہے کہ متن کے بغیر خالی ترجمہ میں تحریف کے امکانات زیادہ ہوتے ہیں اس لیے مناسب ہوگا کہ اگلی اشاعت میں ترجمے کے ساتھ آیات کا متن بھی شامل کر دیا جائے تاکہ یہ اشکال باقی نہ رہے۔ یہ مجموعہ بڑے سائز کے ایک سو چونسٹھ صفحات پر مشتمل ہے جس پر قیمت درج نہیں ہے اور اسے جناب ایم این رضوی مکان 24/B گلی 17 ایف سیون ٹو اسلام آباد سے طلب کیا جا سکتا ہے۔

مولانا عبید اللہ سندھیؒ کی سرگزشت کابل

تحریک آزادی کے ممتاز راہ نما اور حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسنؒ کے رفیق خاص حضرت مولانا عبید اللہ سندھیؒ، حضرت شیخ الہندؒ کے حکم پر کابل گئے اور وہاں بیٹھ کر تحریک آزادی کو پروان چڑھانے کے لیے دنیا بھر سے رابطے کیے، ان کے کابل کے قیام کے واقعات کو ان کے رفیق سفر مولانا عبد اللہ لغاریؒ نے مرتب کیا ہے اور دار الکتاب عزیز مارکیٹ اردو بازار لاہور نے شائع کیا ہے۔ صفحات ۲۶۴ مجلد قیمت ۱۳۰ روپے ہے۔

مکاتیب مولانا عبید اللہ سندھیؒ

حضرت مولانا عبید اللہ سندھیؒ کی مختلف تحریرات کو جن میں بعض شخصیات کے نام خطوط کے علاوہ کچھ کتابوں کے بارے میں ان کی رائے اور چند اہم اعلانات بھی شامل ہیں۔ محترم ڈاکٹر ابو سلمان شاہ جہان پوری نے زیر نظر مجموعہ میں مرتب کر دیا ہے اور المحمود اکیڈمی عزیز مارکیٹ اردو بازار لاہور نے اسے شائع کیا ہے۔ صفحات ۲۲۹ مجلد قیمت ایک سو بیس روپے۔

سوانح عرفان

تحریک خلافت میں مولانا محمد علی جوہرؒ کے ساتھ ان کے ایک سرگرم رفیق کار کے طور پر مولانا ابو المعارف عرفانؒ کا نام بھی تاریخ کے صفحات میں نمایاں ہے۔ جو آل انڈیا خلافت کمیٹی کے سیکرٹری اور جمعیت علماء ہند کے ناظم رہے ہیں۔ موصوف ہزارہ کے رہنے والے تھے مگر علی برادران کے ساتھ اس طرح شیر و شکر ہو گئے کہ انہیں مولانا جوہرؒ کے خاندان کا ایک فرد سمجھا جانے لگا۔ ان کی زندگی کے حالات اور تگ و دو کے مختلف واقعات کو جناب داؤد کوثر نے اپنے ذوق کے ساتھ مرتب کیا ہے اور اس کے ساتھ اس دور کے دیگر بہت سے اہم واقعات کا بھی تذکرہ کیا ہے۔ صفحات تین سو سے زائد، کتابت و طباعت گوارا، قیمت ایک سو باون روپے۔ ملنے کا پتہ "ادارہ فروغ ادب منصور نگر حد و باڈی مانسہرہ، ہزارہ۔